On safe return of ShriNidan Singh

July 18, 2020

جناب نیدان سنگھ کی بحفاظت واپسی

18 جولائی، 2020

افغانستان کے ہندو اور سکھ برادری کے رہنما، جناب نیدان سنگھ سچدیو، جنہیں 22 جون 2020 کو صوبہ پکتیا کے ضلع چمکانی میں اغوا کیا گیا تھا، کو آج قید سے رہا کر دیا گیا ہے۔

ہم افغانستان حکومت اور علاقے کے قبائلی عمائدین کے تئیں شکریے کا اظہار کرتے ہیں، جن کی کوششوں سے جناب نیدان سنگھ کی وطن واپسی ممکن ہوئی۔

دہشت گردوں کی طرف سے اپنے بیرونی حامیوں کے کہنے پر اقلیتی برادری کے افراد کو نشانہ بنانا اور ان پر ظلم و ستم جاری رکھنا اب بھی تشویش کا باعث ہے۔

ایک حالیہ فیصلے میں بھارت نے افغانستان میں سیکیورٹی خطرات کا سامنا کرنے والے افغان ہندو اور سکھ برادری کے افراد کی ہندوستان واپسی میں آسانی کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔

نئی دہلی

18 جولائی، 2020

DISCLAIMER : This is an approximate translation. The original is available in English on MEA's website and may be referred to as the official press release